سوال

(768) نمازِجنازہ میں دوسری یاتیسری تکبیر میں ملنے والا آدمی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نمازِجنازہ میں دوسری یاتیسری تکبیر میں ملنے والا آدمی، امام کے ساتھ ہی سلام پھیرے گا یا فوت شدہ تکبیریں پڑھ کر سلام پھیرے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ میں مسبوق تکبیریں مکمل کرکے پھر سلام پھیرے۔

صحیح حدیث میں ہے:

'فَمَا أَدرَکتُم فَصَلُّوا وَمَا فَاتَکُم فَأَتِمُّوا' (صحیح البخاری، بابُ قَولِ الرَّجُلِ: فَاتَتنَا الصَّلَاۃُ، رقم:٦٣٥)

یعنی ''جتنی نمازامام کے ساتھ پاؤپڑھواورجتنی فوت ہوجائے پوری کرو۔''

یہ حدیث اپنے عموم کے اعتبار سے نمازِجنازہ کو بھی شامل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:651

محدث فتویٰ